Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

# قابل اور ہنرمند پروگرام میں معذوری کے حامل طلبا
*اہل خانہ کے لیے رہنمائی*

آخری بار تجدید **جولائی** 2017

## 1. قابل اور ہنرمند (G&T) پروگرام کیا ہے؟
قابل اور ہنرمند (G&T) پروگرام ایک طریقہ ہے جس کے ذریعے NYCDOE غیرمعمولی طلبا کی ضروریات کی اعانت میں متخصص تدریس فراہم کرتا ہے۔

جو طلبا 90 یا زیادہ مجموعی G&T اسکور کرتے ہیں وہ ضلعی G&T پروگراموں میں درخواست دینے کے اہل ہیں۔ ضلعی G&T پروگراموں کی پیشکش ایلیمنٹری اسکولوں کے ضلع کے اندر ، داخلے کے لیے ترجیح رکھنے والے ان طلبا کو کی جاتی ہے جو ان مقامی برادریوں میں رہتے ہیں جنہیں اسکول خدمات فراہم کرتا ہے۔ ضلعی G&T پروگراموں میں طلبا کو مرکزی مضامینی شعبوں کے لیے گروپ میں تقسیم کیا جاتا ہے لیکن دوسری کلاسوں کے لیے مثلاً، جسمانی تعلیم اور فنون ان طلبا کے ساتھ شیڈول کیا جاسکتا ہے جو G&T پروگراموں میں نہیں ہیں۔

جو طلبا 97 یا زیادہ مجموعی G&T اسکور کرتے ہیں وہ ضلعی اور شہرپیما دونوں G&T پروگراموں میں درخواست دینے کے اہل ہیں۔ شہر پیما G&T اسکول رہائشی ضلع کی ترجیح دیئے بغیر تمام برو سے طلبا کو قبول کرتے ہیں۔ ان اسکولوں کے تمام طلبا کو G&T پروگراموں میں مندرج کیا جا تا ہے؛ ان اسکولوں میں کوئی زون شدہ طلبا شرکت نہیں کرتے ہیں۔ شہر پیما G&T اسکولوں میں اسکول پیما نمونے ہیں جو خاص طور پر G&T طلبا کے لیے تیار کردہ نصاب اور تدریسی طریقِ کار کا اطلاق کرتے ہیں۔

کچھ G&T پروگرام گریڈ 3 سے شروع ہوتے ہیں۔ طلبا کو ان پروگراموں میں مختلف پیمانوں کی بنیاد پر داخلہ دیا جاتا ہے، بشمول: مظاہرہ کردہ تعلیمی کارکردگی جیسا کہ رپورٹ کارڈ گریڈز؛ حاضری؛ اور ہنرمند طرزِ عمل کے اشاریوں سے ثابت ہوتا ہے جیسے انتہائی متجسس، پُرجوش، اور جلدی سیکھنے والا۔

NYCDOE تمام طلبا کو خدمات فراہم کرنے کے لیے پُرعظم ہے جو G&T پروگرام کے لیے اہل قرار پاتے ہیں، بشمول معذوری کے حامل طلبا کے۔

## 2. کیا معذوری کے حامل طلبا G&T پروگراموں میں حصہ لے سکتے ہیں؟
جی ہاں۔ تمام طلبا— بشمول معذوری کے حامل طلبا —کنڈرگارٹن میں داخل ہونے والے طلبا سے تیسرے گریڈ تک کے طلبا کی G&T داخلہ کارروائی میں حصہ لینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ معذوری کے حامل طلبا جو G&T پروگرام کے لیے اہل قرار پاتے ہیں وہ G&T پروگرام کے لیے درکار خدمات اور اعانتیں موصول کریں گے۔ ایک طالب علم کی معذوری اسکے G&T پروگراموں تک رسائی میں رکاوٹ نہیں ہے، اور G&T پروگرامنگ خاص تعلیم خدمات تک رسائی میں ایک رکاوٹ نہیں ہے۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ معذوری کے حامل طلبا کو NYCDOE کس طرح خدمات فراہم کرتا ہے، برائے مہربانیe Family Guide to Special Education Services for School-Age Children سے رجوع کریں۔

## 3. کیا G&T داخلہ کارروائی معذوری کی صورتِ حال سے بالاتر ہے؟
جی ہاں۔ طلبا G&T پیشکشیں اہلیت کے پیمانوں میں کارکردگی اور نشست کی دستیابی کی بنیاد پر موصول کرتے ہیں، اس سے قطعہ نظر کہ وہ IEP (انفرادی تعلیمی پروگرام)، IESP (انفرادی تعلیمی خدمات پروگرام)، یا 504 سہولیات منصوبے کے حامل ہیں۔ وہ طلبا جن کے لیے مخصوص نقل و حمل خدمات تجویز کی جاتی ہیں وہ G&T سائٹ کے لیے مخصوص نقل وحمل خدمات موصول کرتے ہیں۔ تمام دیگر طلبا نقل وحمل کی خدماتguidelines کے مطابق موصول کرتے ہیں جیسا کہ دفتر برائے طالبانہ نقل وحمل خدمات کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔

## 4. جب ایک معذوری کا حامل طالب علم ایک G&T پروگرام میں تقرری کو قبول کرلیتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟
جب ایک IEP یا IESP کا حامل طالب علم ایک G&T پروگرام میں تقرری کو قبول کرلیتا ہے، تو موصول کرنے والے اسکول کی IEP ٹیم طالب علم کے IEP یا IESP کا جائزہ لیتی ہے، طالب علم کی خوبیوں اور کمزوریوں پر غور کرتی ہے، اور طالب علم کی ضروریات کی تکمیل کے لیے خاندان کے ساتھ کام کرتی ہے۔ G&T پروگراموں میں IEPs اور 504 منصوبے والے طلبا کو جہاں تک ممکن ہو انکے عام تعلیم ہمسروں کے ساتھ کم سے کم پابندی والے ماحول میں تعلیم دی جاتی ہے۔

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

IEP ٹیمیں یہ تعین کرتے وقت کہ طالب علم کو اس ماحول میں کونسی خاص تعلیمی خدمات اور اعانتیں درکار ہونگی، اسکو زیرِ غور لاتی ہیں کہ طالب علم G&T پروگرام میں جو اونچی سطح کی تدریس موصول کرے گا وہ کس طرح طالب علم کی تعلیمی اور سماجی-جذباتی ضروریات کی تکمیل کریں گی۔ IEP ٹیمیں یہ بھی یقینی بنائیں گی کہ طالب علم کی G&T پروگرام میں منتقلی میں مدد کے لیے پیش کی جانے والی معاونتیں IEP میں قلم بند کی جائیں۔ اگر خدمات اور معاونتوں میں تبدیلیوں کو زیرِ غور لایا جارہا ہے، اسکول طالب علم کی موجودہ ضروریات کی عکاسی کرنے کے لیے تشخیصات کی تجدید کرے گا۔

## 5. کیا G&T امتحان کے دوران معذوری کے حامل طلبا امتحانی سہولیات موصول کرسکتے ہیں؟

جی ہاں۔ طلبا جنہیں امتحانی سہولیات درکار ہوں، بشمول انکے جو IEPs, IESPs یا 504 منصوبے کے حامل ہیں، وہ G&T امتحان میں سہولیات موصول کرنے کے اہل ہوسکتے ہیں، بشرطیکہ سہولیات اسکو تبدیل نہ کریں جسکی پیمائش کرنے لیے امتحان کو تشکیل دیا گیا ہے۔

G&T امتحان میں تمام طلبا کے لیے وقت کی قید نہیں، اور تمام طلبا کو امتحان کے دوران وقفہ دیا جاتا ہے تاکہ کسی ایک کام پر توجہ مرکوز کرنے کے وقت کو کم کیا جاسکے۔ پری کنڈرگارٹن کے طلبا کے لیے امتحان ایک سے ایک کی بنیاد پر دیا جاتا ہے، جس میں امتحان دینے والے بطور نقل نویس کام کرتے ہیں۔

## 6. معذوری کے حامل طلبا کے خاندان G&T امتحان کے دوران امتحانی سہولیات کی درخواست کس طرح کرسکتے ہیں؟

خاندان ایک امتحان کے لیے درخواست (RFT) جمع کرواتے ہیں اگر وہ اپنے بچوں کے G&T امتحان دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ خاندان RFT online جمع کرواسکتے ہیں یا G&T Handbook میں دیا گیا RFT فارم استعمال کرسکتے ہیں۔

خاندانوں کے پاس RFT کے "امتحانی خدمات معلومات" ("Testing Services Information") کے جز میں امتحانی سہولیات کی درخواست کرنے کا موقع ہے، اسکے ساتھ ہی یہ بھی بیان کریں کہ وہ اپنے بچے کو کس زبان میں امتحان دیے جانا پسند کریں گے۔ خاندان یہ بھی بیان کرسکتے ہیں کہ انکے بچے کو بڑے پرنٹ میں امتحانی کتابچہ درکار ہے یا دیگر کوئی امتحانی سہولیات۔ وہ خاندان جو موخر الذکر متبادل کا انتخاب کرتے ہیں، NYCDOE درخواست کردہ سہولیات کو موصول کرنے کی اہلیت کی تصدیق کے لیے ان سے براہِ راست رابطہ کرے گا۔

وہ طلبا جو فی الوقت NYCDOE اسکول میں شرکت کرتے ہیں (کنڈرگارٹن طلبا مستثنٰی ہیں) انہیں انکے اسکول میں کاروباری دن میں امتحان دیا جاتا ہے۔ امتحانی سہولیات کا تعین کرتے وقت امتحانی رابطہ کار طالب علم کی تمام ضروریات کو مدنظر رکھتے ہیں۔ پری کنڈرگارٹن، چارٹر اسکولوں اور غیر پبلک اسکولوں کے طلبا کو ہفتہ/اتوار کے دن امتحان دیا جاتا ہے۔ اگر ایک طالب علم کے پاس IEP, IESP یا 504 منصوبہ نہیں ہے، NYCDOE سہولیات کی ضرورت کے لیے دیگر دستاویز کو زیرِ غور لاتا ہے۔

## 7. معذوری کے حامل طلبا کے خاندان سہولیات سے انکار کیے جانے پر کیسے اپیل کرسکتے ہیں؟

اگر خاندانوں کو G&T امتحان کے غلط طریقے سے دیے جانا کا شبہ ہے، بشمول سہولیات کی غیرمناسب طریقے سے تعمیل کیے جانے کے، انہیں دفتر برائے تشخیص کو بذریعہ ServiceCenter@schools.nyc.gov ای میل کرنا چاہیئے یا ذیل کو ایک خط بھیجیں:

Office of Assessment
G&T Test Administration
44-36 Vernon Boulevard
Room 202
Long Island City, NY 11101

اپیل کے طریقِ کار سے متعلقہ مخصوص آخری تواریخ اور پالیسیوں کے لیے براہِ مہربانی G&T Handbook سے رجوع کریں۔

## 8. معذوری کے حامل طلبا کی G&T پروگراموں میں کس طرح اعانت کی جاتی ہے؟

NYCDOE معذوری کے حامل طلبا کو وہ خدمات اور اعانتیں فراہم کرتا ہے جنکی انہیں G&T پروگرام میں ضرورت ہوتی ہے۔ G&T پروگرامز تدریسی حکمت عملیوں اور مواد کے لحاظ سے تمام اسکولوں میں مختلف ہوتے ہیں۔ معذوری کے حامل طلبا کو G&T ماحول میں ہونے کے باعث ان اعانتوں سے انکار نہیں کیا جاتا ہے، اور انہیں G&T میں منتقلی میں مدد کے لیے اضافی اعانتیں فراہم کی جاسکتی ہیں۔

## 9. کیا طلبا کے ایکبار G&T میں ہونے کے بعد خاص تعلیم خدمات کے لیے تشخیص کی جاتی ہے؟

جی ہاں۔ تمام اساتذہ کے لیے ان طلبا کی نشاندہی کرنا لازمی ہے جنہیں خاص تعلیم خدمات اور اعانتیں درکار ہوسکتی ہیں، اور تمام طلبا کو ماقبل حوالہ خدمات اور ثبوت پر مبنی خواندگی مداخلتوں تک رسائی ہونی چاہیئے اس سے پہلے کہ خاص تعلیم خدمات کے لیے حوالے کا آغاز کیا جائے۔

ایک G&T طالب علم جس پر ایک معذوری ہونے کا شبہ ہو اسے تشخیص کے لیے حوالہ دیا جانا چاہئیے۔ والدین یہ حوالہ دے سکتے ہیں۔ طالب علم کا اسکول طالب علم کی تشخیص کرنے کا ذمہ دار ہے، اور اگر اہل پایا جائے تو ایک IEP تیار کرنے کا۔ اگر طالب علم خاص تعلیم خدمات کا اہل ہے، تو طالب علم G&T پروگرام جاری رکھ سکتا ہے اور خاص تعلیم خدمات اور اعانتیں موصول کرسکتا ہے۔